Ref: GSPL/PR/26/17/036
Date: 17/06/2026

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف نے سائٹ انڈسٹریل ایریا میں جدید ترین فائر سسٹم کی تنصیب کردی

کراچی: پیشہ ورانہ حفاظت، صحت اور فائر سیفٹی سالوشنز کے لیے پاکستان کے کلیدی ادارے گروسیف نے سائٹ انڈسٹریل ایریا میں واقع نامور فارماسیوٹیکل کمپنی میں جدید ترین 500 GPM فائر ہائڈرنٹ سسٹم کی تنصیب اور کمشننگ کامیابی سے مکمل کرلی ہے۔

اسکڈ ماؤنٹڈ الیکٹرک ڈیزل جوکی (EDJ) فائر ہائڈرنٹ سسٹم 22 ہوز ریلز، 10 ہائڈرنٹ پوائنٹس، 2 فوم ریلز، اور مربوط فائر اسپرنکلر سسٹم پر مشتمل ہے، جس کے سبب مذکورہ کمپنی کے ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت میں گوناگوں اضافہ ہوگیا ہے۔ سسٹم کا ڈیزائن ہائیڈرولک کیلکولیشن کے مطابق بہت محتاط طریقے سے کیا گیا، تاکہ بڑی صنعتی آگ کی صورت میں بہترین کارکردگی اور متعدد ڈسچارج پوائنٹس کا مناسب استعمال یقینی بنایا جاسکے۔

افتتاحی تقریب سے خطاب میں کمپنی کے گروپ چیئرمین، پرویز حیات نون نے سسٹم کے ڈیزائن، کنسلٹنی، تنصیب، آزمائش، اور کمشننگ کے حوالے سے گروسیف کی پیشہ ورانہ قابلیت کی تعریف کی، خصوصاً کسی بھی لاسٹ ٹائم انجری (LTI) کے بغیر 11,000 سیف مین آورز کی تکمیل کو خصوصی طور پر سراہتے ہوئے اسے پیشہ ورانہ حفاظت اور مہارت کے حوالے سے ادارے کے عزم کا مظہر قرار دیا۔

اس موقع پر کمپنی کی گروپ چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈاکٹر شاہدہ قیصر، ڈائریکٹر میڈیکل افیئرز اور میڈیکو ویجیلنس، ڈاکٹر خالد محمود شاہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر گروسیف، جناب سعد عبدالوہاب، اور دیگر سینیئر افسران اور متعلقہ افراد موجود تھے۔

دریں اثناء مذکورہ فائر ہائڈرنٹ سسٹم آپریشنل ہوتے ہی درپیش پہلے امتحان میں اس وقت سرخرو ہوا جب پڑوس میں واقع ایک کمیکل مینوفیکچرنگ فیکٹری میں آگ لگ گئی۔ اس کارکردگی سے صنعتی اثاثوں اور قرب و جوار کی آبادیوں کی حفاظت کے حوالے سے سسٹم پر انحصار اور افادیت کا موثر اظہار دیکھا گیا۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED — MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe